**02.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا میں جنگ کے تناظر میں تنازعات کو مذاکرات اور ڈپلومیسی کے ذریعے حل کئے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دِلی میں کناڈا کے اپنے ہم منصب **Mark Carney** کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کی۔بھارت اور کناڈا نے اہم معدنیات، قابل تجدید توانائی اور ثقافتی اشتراک کے شعبوں میں تین سمجھوتوں کا تبادلہ کیا۔

☆ مغربی ایشیا کے بحران میں شدت آگئی ہے۔ اسرائیل اور امریکہ کی مشترکہ فورسز اور ایران نے پھر میزائل حملے کئے ہیں۔ ایران نے امریکہ کے ساتھ بات چیت کرنے سے انکار کردیا ہے۔

☆ برطانیہ نے ایران کے میزائل ٹھکانوں پر حملہ کرنے کیلئے اپنے فوجی اڈّوں کو استعمال کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

☆ ایئر انڈیا نے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، اسرائیل اور قطر کیلئے اپنی پروازیں معطل رہنے کی مدت میں توسیع کردی ہے۔

☆ مغربی ایشیا میں کشیدگی بڑھنے کے تناظر میں مرکز نے ریاستوں کو ایک ایڈوائزری جاری کرکے اُن سے احتیاط برتنے کو کہا ہے۔

☆ اور...... تیل کی سپلائی میں رکاوٹ پڑنے کے اندیشے سے خام تیل کی عالمی قیمتوں میں سات فیصد سے زیادہ کا اُچھال آیا ہے، جبکہ شیئربازاروں میں گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**MODI-CORNEY**

بھارت اور کناڈا نے مختلف شعبوں میں تین سمجھوتوں کا تبادلہ کیا ہے۔ اِن میں اہم معدنیات، قابلِ تجدید توانائی کے استعمال کا فروغ اور ثقافتی اشتراک شامل ہیں۔ وزیراعظم نریندرمودی اور کناڈا کے اُن کے ہم منصب **Mark Carney** نے آج نئ دِلی میں حیدرآباد ہاؤس میں وفود کی سطح کی بات چیت کی۔ اِس میں دونوں رہنماؤں نے بھارت-کناڈا کلیدی ساجھیداری کے مختلف شعبوں میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں لیڈروں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، اہم معدنیات، زراعت، تعلیم، تحقیق، اختراع اور عوام سے عوام کے رابطوں سمیت اہم شعبوں میں جاری تعاون کا جائزہ بھی لیا۔ دونوں وزرائے اعظم نے علاقائی اور عالمی حالات و واقعات پر تبادلۂ خیال بھی کیا۔

کناڈا کے اپنے ہم منصب **Mark Carney** کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ مغربی ایشیا کے موجودہ حالات بہت تشویش کا معاملہ ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت سبھی تنازعات کو مذاکرات اور ڈپلومیسی کے ذریعے حل کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت خطے میں سبھی بھارتی شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کی خاطر سبھی ملکوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔

**Byte: PM West Asia**

وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور شدت پسندی نہ صرف دونوں ملکوں بلکہ پوری انسانیت کیلئے سنگین چیلنج ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ عالمی امن و استحکام کیلئے اِن چیلنجوں کے خلاف دونوں ملکوں کے درمیان قریبی اشتراک اہمیت کا حامل ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ بھارت اور کناڈا نے دوطرفہ تجارت کو **2030** تک **50** ارب ڈالر تک پہنچانے کا بڑا نشانہ طے کیا ہے۔

**Byte: PM Partnership**

**PREZ DELHI SCHEMES**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج چار اسکیمیں دِلی کی خواتین کیلئے وقف کی ہیں۔ اِن میں لکھپتی بٹیا اسکیم، سہیلی پنک اسمارٹ کارڈ، میری پونجی میرا ادھیکار اور فری **LPG** سلنڈر اسکیم شامل ہیں۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ خواتین معاشرے کے ایک لازمی ستون کی مانند ہیں۔ نئ شروع کی گئ اسکیموں کے مؤثر ہونے کے تعلق سے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے کہا کہ اِن اقدامات سے قومی راجدھانی کی خواتین میں اعتماد پیدا ہوگا اور اُنہیں آگے بڑھنے اور نئ بلندیوں پر پہنچنے کی ترغیب ملے گی۔×

**RIJIJU ISRAEL-IRAN**

مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ اسرائیل-ایران محاذآرائی کی وجہ سے پھنسے ہوئے بھارتی شہریوں کو بچا کر بحفاظت واپس لانے کیلئے سرکار وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں تیزی کے ساتھ کام کررہی ہے۔ ہماچل پردیش کے کانگڑا میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ سابقہ سرکاروں نے اِس طرح کی جامع امداد کبھی فراہم نہیں کی، لیکن اب وزارتِ خارجہ مختلف ملکوں میں اپنے مشنوں کے توسط سے اِس کا اہتمام کررہی ہے۔

**Byte: Rijiju**

**WAR-WEST ASIA**

مغربی ایشیاء میں جنگ نے شدت اختیار کرلی ہے۔ ایران اور اسرائیل اور امریکہ کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے کئے ہیں۔ ایران اور ایران کی حمایت یافتہ ملیشیا نے اسرائیل اور خلیج ممالک پر میزائل داغے، جبکہ اسرائیل اور امریکہ نے ایران میں حملے کئے ہیں۔ برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے کہا ہے کہ وہ ایران کے حملوں کا جواب دینے کیلئے امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہے اور خلیج ممالک کے ایک گروپ نے کہا ہے کہ ایران کے حملوں کا جواب دینے کا اُن کے پاس حق ہے۔ اس بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ایران کے سکیورٹی کے اعلیٰ افسر علی لاریجانی نے زور دے کر کہا ہے کہ ایران امریکہ کے ساتھ بات چیت نہیں کرے گا۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس اراغچی نے، اُس حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے، جس میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت ہوگئی۔ جناب اراغچی نے ان حملوں کو غیر قانونی بتایا اور زور دے کر کہا کہ ایران کی کارروائی اپنے ملک کے دفاع میں ہے۔

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وعدہ کیا ہے کہ امریکہ، کویت میں مارے گئے تین امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا بدلہ لے گا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے 9 جنگی جہازوں کو ڈبودیا گیا ہے اور ایران کی بحریہ کے ہیڈکوارٹر کو بڑے پیمانے پر تباہ کردیا گیا ہے۔ ایران، متحدہ عرب امارات، کویت، بحرین سمیت دیگر ملکوں میں امریکی مفادات پر حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس دوران حزب اللہ نے کہا کہ اُس نے ایران کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خانہ ای کی ہلاکت کے جواب میں اسرائیل پر میزائل داغے ہیں۔ اسرائیل نے جواب میں بیروت پر حملے کئے ہیں۔ اس حملے میں 31 افراد مارے گئے۔ ایران کے حملے کے بعد کویت میں امریکی سفارت خانے کی عمارت سے آگ اور دھواں اٹھتا ہوا دکھائی دیا۔

**US-IRAN E-3 COUNTERIES**

برطانیہ، فرانس اور جرمنی کے رہنماؤں نے، ایران کے میزائل حملوں کی مذمت کی ہے اور انہیں اندھا دھند اور بلا ضرورت قرار دیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں E-3 ملکوں کے لیڈروں نے امریکہ کے تئیں اپنی مشترکہ حمایت کا اظہار کیا

ہے۔ یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے، جب برطانیہ نے یہ خبر دی تھی کہ **Royal Air Force Typhoon** کے جنگی جہازوں نے قطر کی جانب جاتے ہوئے ایک ڈرون کو مار گرایا ہے۔

ادھر برطانیہ کے وزیراعظم **Keir Starmer** نے کہا ہے کہ انھوں نے ایران کے میزائل حملوں کے خلاف دفاعی حملے کرنے کیلئے برطانوی ٹھکانوں کا استعمال کرنے کی امریکہ کو اجازت دی ہے۔×

## AIR INDIA-TRAEL ADVISORY

مغربی ایشیاء میں تازہ صورتحال کے پیش نظر ایئرانڈیا نے سفر سے متعلق ہدایات جاری کی ہیں۔ ایئرلائن نے متحدہ عرب امارات **UAE**، سعودی عرب، اسرائیل اور قطر کو جانے والی اور وہاں سے آنے والی سبھی پروازیں آج تک کیلئے معطل کردی ہیں۔ یوروپ کیلئے کچھ مخصوص پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ منسوخ کی گئی پروازوں میں امرتسر سے برمنگھم، دلّی سے **Zurich**، دلّی سے کوپن ہیگن اور برمنگھم سے دلّی پروازیں شامل ہیں۔ ہدایات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یوروپ اور شمالی امریکہ کو جانے والی دیگر پروازیں مغربی ایشیاء میں متبادل راستوں کا استعمال کرتے ہوئے اپنے مقررہ وقت پر چلیں گی۔×

## CENTER STATES LETTER

مرکز نے ریاستوں کو ایک مراسلہ جاری کیا ہے، جس میں اُن سے ایران کے خلاف اسرائیل اور امریکہ کے حملوں کے تناظر میں بھارت میں ممکنہ تشدد کے سلسلے میں چوکسی برتنے کو کہا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق امورِ داخلہ کی مرکزی وزارت نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کو بھیجے گئے مراسلے میں اُن سے کہا ہے کہ وہ اشتعال انگیز تقریریں کرنے والے ایران نواز شدت پسند مذہبی رہنماؤں کی نشاندہی کریں۔ مذکورہ مراسلے میں خفیہ معلومات تیزی کے ساتھ ایک دوسرے کو فراہم کرنے اور احتیاطی کارروائی کرنے کی ضرورت اُجاگر کی گئی ہے، تاکہ امن و قانون میں کسی طرح کا کوئی خلل نہ پڑے۔×

## PM-SANSKRIT SUBHASHITAM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سنسکرت **Subhashitam** شیئر کرتے ہوئے خوداعتمادی اور قوتِ ارادی کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت کے نوجوانوں کی طاقت کی لگن اور پختہ عزم بے مثال ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کے نوجوان دوست، جو بھی کرنے کا عہد کرتے ہیں، وہ اُسے حاصل کرلیتے ہیں اور اِسی لئے ملک آج اپنے خوابوں کو پورا کررہا ہے۔×

## J&K OMAR ABDUALLAH

جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ مرکز کے زیرانتظام علاقے کی سرکار ایران میں موجود طلبا سمیت جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے افراد کی سلامتی اور خیروعافیت کو یقینی بنانے کی خاطر مرکزی سرکار کے ساتھ قریبی تال میل قائم کئے ہوئے ہے۔

ایران کے حالات و واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جناب عمرعبداللہ نے سبھی برادریوں سے اپیل کی کہ وہ امن و سکون برقرار رکھیں۔ اِدھر جموں وکشمیر کے حکام نے کشمیر کے بعض حصوں میں لوگوں کی نقل و حرکت پر سخت بندشیں نافذ کی ہیں، جہاں امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملے میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے معاملے پر سڑکوں پر بڑے پیمانے پر مظاہرے ہوئے تھے۔×

## CRUDUE OIL

مغربی ایشیا میں کشیدگی کے سبب آج صبح خام تیل کی عالمی قیمتوں میں تقریباً 7 فیصد کا اضافہ ہوا۔ اِس کی وجہ سے آبنائے ہُرمز میں ممکنہ رکاوٹوں کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔ آبنائے ہرمز سے عالمی تیل کی سپلائی کا 20 فیصد حصہ گزرتا ہے، جبکہ بھارت کی خام تیل کی درآمدات کا 40 فیصد سے زیادہ حصہ اس راستے سے گزرتا ہے۔ Brent خام تیل 7 اعشاریہ دو فیصد اضافہ ہوکر 78 امریکی ڈالر اور 13 سینٹ فی بیرل پہنچ گیا، جبکہ WTI خام تیل بھی 7 فیصد اضافے کے ساتھ 71 امریکی ڈالر اور 69 Cents فی بیرل پہنچ گیا۔×

## STOCKS

مغربی ایشیا میں کشیدگی بڑھنے کے تناظر میں شیئربازاروں میں زبردست گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔ بھارتی شیئربازار میں بھی گراوٹ آئی ہے، جبکہ سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اُچھال دیکھنے میں آرہا ہے۔×

## AFGHAN-PAK CONFLICT

افغانستان کی وزارتِ دفاع نے اعلان کیا ہے کہ اُس کی فضائیہ نے راولپنڈی میں کلیدی فضائیہ کے اڈّے کو نشانہ بناتے ہوئے پاکستان کی کئی فوجی تنصیبات کے خلاف تال میل کے ساتھ اچوک فضائی کارروائی کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر افغانستان کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ یہ حملے راولپنڈی میں نور خان ایئربیس، کوئٹہ میں بارہویں ڈویژن کے ہیڈکوارٹرس اور خیبرپختونخواہ کی Mohmand ایجنسی میں Khwazai کیمپ سمیت پاکستان کے بڑے فوجی مراکز کو نشانہ بناکر کئے گئے۔ وزارت نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ اِس کارروائی کے دوران پاکستان میں کئی اسٹریٹجک کمان

مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ اُس نے کہا ہے کہ ابتدائی تجزیے سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے جن ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا تھا، اُنہیں اِن حملوں میں کافی نقصان پہنچا ہے۔×

**RWANDA MINISTER ARRIVAL**

روانڈا کے امورِ خارجہ بین الاقوامی اشتراک کے وزیر **Oliver JP Nduhungirehe** بھارت کے دورے پر آج نئی دِلی پہنچے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ نے بتایا ہے کہ روانڈا کے وزیر خارجہ گیارہویں **Raisina** مذاکرات اور بھارت-روانڈا مشترکہ کمیشن کی دوسری میٹنگ میں شرکت کریں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆